# Prime Minister speaks on telephone with President of the Russian Federation

December 16, 2022

# وزیر اعظم جناب نریندر مودی نے روسی وفاق کے صدر عزت مآب جناب ولادیمیر پوتن کے ساتھ ٹیلی فون پر بات کی

دسمبر 16 2022

وزیر اعظم جناب نریندر مودی نے آج روسی وفاق کے صدر عزت مآب جناب ولادیمیر پوتن کے ساتھ ٹیلی فون پر بات چیت کی۔

دونوں لیڈران نے ایس سی او سربراہ کانفرنس کے ساتھ ساتھ سمرقند میں اپنی میٹنگ کے بعد، توانائی کے شعبہ میں تعاون، تجارت اور سرمایہ کاری، دفاعی اور سلامتی سے متعلق تعاون اور دیگر اہم شعبوں کے ساتھ ساتھ دو طرفہ تعلقات کے کئی پہلوؤں کا جائزہ لیا۔

یوکرین میں چل رہے تصادم کے سلسلے میں، وزیر اعظم نے بات چیت اور ڈپلومیسی کی اپنی اپیل کو دہرایا کیوں کہ یہ ایک واحد حل ہے۔

وزیر اعظم نے صدر پوتن کو جی-20 میں ہندوستان کی موجودہ صدارت کے بارے میں معلومات دی اور اس کی بنیادی ترجیحات پر روشنی ڈالی۔ انہوں نے شنگھائی کوآپریشن تنظیم کی ہندوستان کی صدارت کے دوران دونوں ممالک کے ایک ساتھ کام کرنے کی بھی امید جتائی۔

دونوں لیڈران نے ایک دوسرے کے ساتھ مسلسل رابطہ میں رہنے پر اتفاق کا اظہار کیا۔

نئی دہلی

دسمبر 16 2022

DISCLAIMER: This is an approximate translation. The original is available in English on MEA's website and may be referred to as the official press release.